مشت زنی کا حکم اور اس سے بچنے کا طریقہ

مجیب: ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-532

تاریخ اجراء: 07ربیع الاول1444ھ/04اکتوبر2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

مشت زنی سے بچنے کے لیے کوئی وظیفہ بتادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مشت زنی کرنا، سخت ناجائز و حرام و گناہ ہے اور اس عمل کا مرتکب گنہگار و عاصی ہے۔ اصرار کے سبب مرتکب کبیرہ اور فاسق ہے۔ ایسے شخص پر لازم ہے کہ وہ اپنے اس قبیح فعل سے توبہ کرے اللہ عزوجل سے سچے دل سے معافی طلب کرے اور آئندہ اس فعل سے بچنے کا پختہ ارادہ کرے اگر توبہ نہیں کرے گا تو حشر میں ایسے کی ہتھیلیاں گابھن اٹھیں گی ، جس سے اتنی مخلوق کے سامنے اس کی رسوائی ہو گی۔

اس برے فعل سے بچنے کے لیے ایک تو اپنی صحبت اچھی کرے کہ گناہوں بھرے ماحول اور گناہوں کی طرف لے جانے والے دوستوں سے بچے۔ اسی طرح گندے خیالات سے اپنے آپ کو بچائے۔ ایسی غذا جس سے شہوت ابھرتی ہو، اس سے اپنے آپ کو بچائے۔ شادی شدہ نہیں تو حتی الامکان جلد از جلد اس کا انتظام کرے۔ اس میں رکاوٹ ہو تو حتی الامکان کھانا کم کھائے، روزوں کی کثرت کرے۔

ایسی تنہائی جو اس برے کام کی طرف لے کر جائے، اس سے اپنے آپ کو بچائے۔ وغیرہ وغیرہ، جن چیزوں کو اس برے فعل کا سبب سمجھتا ہے، ان سے بچے۔

پھر اس فعل کے کرنے پر جو سزا بیان فرمائی گئی اسے ذہن میں دہرائے۔ اللہ تعالی کی ناراضی کا خوف ذہن میں لائے۔

اس کے ساتھ ساتھ لاحول شریف کی کثرت کرے۔ پانچوں نمازوں کی پابندی کرے اور صبح کی نماز کے بعد بلاناغہ گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھنے کا ورد جاری رکھے۔

سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ سے سوال ہے: ایک شخص مخلوق ہے وہ اپنے اس فعل سے نہیں مانتا ہر چند اس کو سمجھایا ہے آپ تحریر فرمائیں کہ اس کا کیا حشر ہو گا؟ اور اس کو کیا دعا پڑھنا چاہئے جس سے اس کی عادت چھوٹے۔

شیخ الاسلام والمسلمین، سیدی امام اہل سنت، امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: ”وہ گنہگار ہے۔ عاصی ہے۔ اصرار کے سبب مرتکب کبیرہ ہے۔ فاسق ہے۔ حشر میں ایسوں کی ہتھیلیاں گابھن اٹھیں گی، جس سے مجمع اعظم میں ان کی رسوائی ہو گی، اگر توبہ نہ کریں، اور اللہ معاف فرماتا ہے، جسے چاہے اور عذاب فرماتا ہے جسے چاہے۔ اسے چاہئے لاحول شریف کی کثرت کرے اور جب شیطان اس حرکت کی طرف بلائے فورا دل سے متوجہ بخدا ہو کر لاحول پڑھے نماز پنجگانہ کی پابندی کرے نماز صبح کے بعد بلاناغہ سورۃ اخلاص شریف کا ورد رکھے۔(فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ244رضافاؤنڈیشن، لاہور)

امام اہلسنت علیہ الرحمۃ "الوظیفۃ الکریمۃ" میں صرف صبح کے وقت پڑھے جانے والے اوراد ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ”سورہ اخلاص گیارہ بار، اگر شیطان مع اپنے لشکر کے کوشش کرے کہ اس سے گناہ کرائے نہ کرا سکے جب تک کہ یہ خود نہ کرے۔"(الوظیفۃ الکریمۃ، ص21، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net